**01-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

1۔ لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے چناؤ مہم میں مزید تیزی آگئی ہے۔ مینکا گاندھی اور کماری شیلجا سمیت کئی اہم امیدواروں نے اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کیا ہے۔

2۔ دلّی پولیس کی خصوصی سیل نے دلّی اور NCR کے کئی اسکولوں کو ملنے والے فرضی بم دھمکی کے ای-میل کے معاملے میں ایک کیس درج کیا ہے۔ اس سلسلے میں تفتیش جاری ہے۔

3۔ مہاراشٹر اور گجرات نے آج اپنے اپنے یومِ تاسیس منائے۔

4۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے مغربی بنگال، اڈیشہ، بہار اور جھارکھنڈ میں کل تک کیلئے شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔

5۔ جنوبی چین کی Guangdong ریاست میں ایک شاہراہ کے ٹوٹ جانے سے کم از کم 24 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

6۔ اور IPL کرکٹ میں، چنئی میں پنجاب کنگس اور چنئی سُپر کنگس کے درمیان میچ جاری ہے۔×

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Election Compaging**

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم میں مزید تیزی آگئی ہے۔ اِس مرحلے میں 7 مئی کو 10 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کے 93 لوک سبھا حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ تمام سیاسی پارٹیوں کے اسٹارمہم کار پے درپے ریلیاں کر رہے ہیں۔ کرناٹک میں 7 مئی کو ہونے والے تیسرے مرحلے کی پولنگ میں 14 پارلیمانی حلقوں میں 227 امیدوار میدان میں ہیں۔

BJP اور کانگریس تمام سیٹوں پر مقابلہ کر رہی ہیں جبکہ BSP نو سیٹوں پر، 73 سیٹوں پر رجسٹرڈ اور غیر

تسلیم شدہ پارٹیاں چناؤ لڑ رہی ہیں نیز 117 آزاد امیدوار بھی میدان میں ہیں۔ کرناٹک میں آخری انتخابات کیلئے مہم انتہائی عروج پر ہے۔

سینئر پارٹی لیڈر امت شاہ نے BJP کے امیدوار Basavaraj Bommai کے ساتھ Haveri میں ایک روڈ شو کیا۔ بعد میں Hubballi میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے وزیر اعظم نریندر مودی سرکار کی کامیابیوں کو اجاگر کیا۔ انھوں نے کانگریس پر ووٹ بینک اور خوشنودی حاصل کرنے کی سیاست کرنے کا الزام لگایا۔

رائے چور میں ایک اور عوامی جلسے میں کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے قیمتوں میں اضافے اور جھوٹے وعدوں کیلئے مرکزی حکومت پر الزام لگایا۔ انھوں نے کہا کہ کرناٹک میں کانگریس سرکار نے اپنی تمام پانچ گارنٹیوں کو نافذ کرنے کا وعدہ پورا کیا ہے۔ x

## Gugarat PM Rally

وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے آئین کے تقدس کو بحال رکھنے کے تئیں اپنی پارٹی کے عہد کو پھر سے دوہرایا ہے۔ جناب مودی نے آج شمالی گجرات کے سابر کانٹھا ضلع کے Deesa، بناس کانٹھا اور ہمّت نگر میں ریلیوں سے خطاب کیا۔ بناس کانٹھا میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے یقین دلایا کہ اُن کی قیادت میں آئین میں دیئے گئے ایس سی/ ایس ٹی اور OBC کے ریزرویشن کے حقوق کو تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ جناب مودی نے وکست گجرات کے ذریعے وکست بھارت بنانے کے اپنے عہد کو بھی دوہرایا۔ انھوں نے کانگریس کی خوش کرنے کی بانٹنے والی سیاست کی نکتہ چینی کی۔ Sabar Kantha میں ہمت نگر کے مقام پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے پچھلے 10 سالوں میں اُن کی سرکار کے ذریعے کیے گئے تاریخی اقدامات کا بھی ذکر کیا، جن میں تین طلاق اور دفعہ 370 کی منسوخی شامل ہیں۔

2100- PM on Art.370

انھوں نے ملک کے عوام کو بہتر حفظانِ صحت، بجلی، تعلیم اور مکانات جیسے بنیادی سہولیات فراہم کرنے کا بھی وعدہ کیا۔ x

## UP Poll Campaiang

اترپردیش میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر لیڈروں نے آج اپنے پارٹی امیدواروں کیلئے انتخابی مہم کی۔ سینئر BJP لیڈر راجناتھ سنگھ نے آج تیسرے پہر Aonla اور فتح پور سیکری حلقوں میں منعقدہ سیاسی ریلیوں میں مرکزی حکومت کی کامیابیوں کو بیان کیا۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے اٹاوہ ضلع کے جسونت نگر علاقے میں ایک سیاسی اجتماع سے خطاب کیا۔ انھوں نے BJP پر حملہ کیا اور الزام لگایا کہ اگر BJP اقتدار میں آتی ہے تو وہ آئین کو تبدیل کردے گی۔ انھوں نے مین پوری میں بھی ایک ریلی سے خطاب کیا۔ کانگریس لیڈر راجیو شکلا نے آج لکھنؤ میں ایک پریس کانفرنس میں BJP پر حملہ بولا اور کہا کہ پارٹی، کووڈ-19 ویکسین کے باعث ہونے والی بہت سی اموات کیلئے ذمہ دار ہے۔x

## Rev. UP Nominations

مختلف سیاسی پارٹیوں کے بہت سے سرکردہ امیدواروں نے جاری لوک سبھا انتخابات کیلئے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ سینئر BJP لیڈر مینکا گاندھی نے اترپردیش کے سلطانپور لوک سبھا حلقے سے اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ اس سیٹ پر سماجوادی پارٹی کے امیدوار رام بھوَل نشاد اور BSP کے امیدوار اُدے راج ورما بھی میدان میں ہیں۔ آیودھیا سے موجودہ BJP کے رکن پارلیمنٹ للوسنگھ نے بھی پارٹی کے امیدوار کے طور پر اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے ہیں۔ اس حلقے میں سماجوادی پارٹی نے Awadhesh پرساد کو میدان میں اتارا ہے۔ کانگریس لیڈر کماری سیلجا نے، جسے اُن کی پارٹی نے ہریانہ میں سرسا لوک سبھا سیٹ سے بھی میدان میں اتارا ہے، بھی اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ اس سیٹ پر اشوک Tanwar بی جے پی کے امیدوار کے طور پر چناؤ میدان میں ہیں۔x

## Delhi Lok Sabha Nomination

شمال مشرقی دلّی لوک سبھا حلقے سے BJP کے امیدوار منوج تیواری نے آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے سے قبل جناب تیواری نے قومی راجدھانی میں ایک روڈ شو کیا جس میں سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور دیگر نے شرکت کی۔ شمال مشرقی دلّی لوک سبھا سیٹ پر جناب تیواری کا مقابلہ کانگریس امیدوار کنہیا کمار سے ہوگا۔ BJP کے مشرقی دلّی کے امیدوار ہرش ملہوترا نے بھی آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ عام آدمی پارٹی نے اپنے MLA کلدیپ کمار کو، مشرقی دلّی لوک سبھا سیٹ سے جناب ملہوترا کے خلاف میدان میں اتارا ہے۔ BJP، عام آدمی پارٹی اور کانگریس کے دیگر بہت سے امیدوار، رائے دہندگان کی حمایت حاصل کرنے کیلئے دلّی کے مختلف حصوں میں انتخابی مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔

دلّی کی تمام سیٹوں پر چھٹے مرحلے کے دوران اِس مہینے کی 25 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## J&K Poll Date Revised

انتخابی کمیشن ECI نے جموں وکشمیر کے اننت ناگ-راجوری پارلیمانی حلقے میں لوک سبھا انتخابات کے لیے نئی تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔ وہاں انتخابات، اب تیسرے مرحلے کی جگہ، چھٹے مرحلے میں ہوں گے۔ اننت ناگ -راجوری لوک سبھا سیٹ کیلئے اب پولنگ 7 مئی کی بجائے 25 مئی کو ہوگی۔ انتخابی کمیشن نے کہا کہ یہ فیصلہ مرکز کے زیر انتظام علاقے کی مختلف پارٹیوں کے نمائندوں کے ساتھ صلاح ومشورے کے بعد لیا گیا ہے۔ اِن نمائندوں نے کمیشن کو بتایا کہ انتخابی مہم کے دوران مختلف لاجسٹک، کمیونی کیشن اور قدرتی رُکاوٹیں درپیش تھیں، جس کی وجہ سے انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں کو انتخابی مہم کے لیے یکساں مواقع نہیں مل پائے۔ x

## EC Simbol Loading Unit

بھارت کے انتخابی کمیشن ECI نے سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق سمبل لوڈنگ یونٹس، SLU کو سنبھال کر

رکھنے اور اسٹور کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ کمیشن نے تمام اعلیٰ انتخابی افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ SLUs کو سنبھال کر رکھنے اور اسٹور کرنے کیلئے نئے ضابطوں کو نافذ کرنے کی غرض سے ضروری بنیادی ڈھانچہ اور گنجائشیں وضع کریں۔ گذشتہ ہفتے سپریم کورٹ نے انتخابی کمیشن کو ہدایت دی تھی کہ وہ انتخابات کے نتائج کے اعلان کے بعد 45 دن کیلئے، سمبل لوڈنگ یونٹس کو سیل اور محفوظ رکھے۔ کمیشن نے کہا کہ تمام SLU کے ڈبّوں (استعمال شدہ اور ریزروڈ SLUs، دونوں) کو گلابی کاغذ کی سیل کے ساتھ اِس طریقے سے سیل کیا جانا چاہئے کہ یہ ڈبّے کاغذ کی سیل کو توڑے بغیر کھولے نہ جاسکیں۔

اس نے کہا کہ SLU ڈبوں پر چسپاں سیل پر امیدواروں یا اُن کے نمائندگان کو دستخط کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ ECI نے کہا کہ SLU کے ڈبّے کو سیل کرنے کے بعد اسے استعمال شروع ہونے کے بعد تکمیل کے 24 گھنٹے کے اندر اندر، متعلقہ ضلعی انتخابی افسر کے پاس جمع کرادینا ہوگا۔ کمیشن نے کہا کہ اِن ڈبوں کو علاحدہ اسٹرانگ روم میں رکھا جانا چاہئے۔x

## EC Chandrashekar

انتخابی کمیشن نے کانگریس پارٹی کے خلاف مبینہ طور پر ہتک آمیز اور قابل اعتراض بیان دینے پر تلنگانہ کے سابق وزیر اعلیٰ اور BRS کے سربراہ K چندرشیکھر راؤ پر انتخابی مہم میں حصہ لینے پر 48 گھنٹے کی پابندی لگا دی ہے۔ اُن پر یہ پابندی آج رات 8 بجے سے نافذ ہوگئی ہے۔ کمیشن نے چندرشیکھر راؤ کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس مدت کے دوران انتخابات سے متعلق عوامی میٹنگوں، جلوسوں، ریلیوں اور روڈ شو میں شامل نہ ہوں اور میڈیا کو انٹرویو نہ دیں۔اِس سے پہلے کانگریس پارٹی نے تلنگانہ کے Sircilla میں K چندرشیکھر راؤ کے بیان پر کمیشن سے شکایت کی تھی۔x

## Rpali BJP

اداکارہ روپالی گانگولی آج BJP میں شامل ہوگئیں۔ اُنھیں آج نئی دلّی کے پارٹی ہیڈکوارٹرس میں پارٹی جنرل سکریٹری ونود تاوڑے اور پارٹی لیڈر انل بلونی کی موجودگی میں BJP میں شامل کیا گیا۔ Astrologer یعنی نجومی Ameya جوشی بھی BJP میں شامل ہوگئے ہیں۔

اسی دوران دلّی کانگریس کے سابق MLAs نیرج بسویا اور نصیب سنگھ نے لوک سبھا انتخابات کیلئے عام آدمی پارٹی کے ساتھ اتحاد کرنے کے معاملے پر پارٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ x

## Delhi Police School

دلّی پولیس کی خصوصی سیل نے، دلّی اور NCR کے علاقوں کے مختلف اسکولوں کو ای-میل کے ذریعے بھیجی گئی بم کی دھمکی کے معاملے میں ایک کیس درج کیا ہے۔ پولیس نے کہا ہے کہ اِس معاملے میں تفتیش جاری ہے۔ اِس

سے پہلے مرکزی وزارت داخلہ نے مختلف اسکولوں کو بم کی دھمکیوں کے سلسلے میں ملنے والے ای-میل کو فرضی قرار دیا۔ وزارت نے کہا ہے کہ تلاش میں اب تک کچھ بھی مشکوک نہیں پایا گیا ہے۔

دلی کے لیفٹیننٹ گورنر ونئے کمار سکسینہ نے دلی کے پولیس کمشنر سنجئے اروڑہ سے فون پر بات کی اور اِس معاملے کی تفصیلی رپورٹ طلب کی۔ جناب سکسینہ نے دلی پولیس کو یہ ہدایت دی ہے کہ قصوروار افراد کی شناخت کی جائے اور اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کسی طرح کی کوئی کوتاہی نہ ہو۔

انہوں نے کہا کہ شرپسندوں اور قصوروار افراد کو بخشا نہیں جائے گا۔ انھوں نے میڈیا کو بتایا کہ دلّی پولیس نے اِس معاملے میں تیزی سے کارروائی کی اور اُس وسیلے کا پتہ لگایا جہاں سے یہ ای-میل آئے تھے۔ x

## Maha And Guj Statehood Day

صدر جمہوریہ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے مہاراشٹر کے عوام کو ریاست کے یوم تاسیس پر آج مبارکباد دی۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ مہاراشٹر کے عوام ملک کی ترقی میں مسلسل قابل قدر تعاون کر رہے ہیں۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ مہاراشٹر اپنی ثقافتی گوناگونیت، جغرافیائی تنوع اور اقتصادی استحکام کیلئے سربلند ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ مہاراشٹر کا یوم تاسیس اس سرزمین کی شاندار وراثت اور ناقابل شکست جذبے کو منانے کے بارے میں ہے، جس نے وسیع دوراندیشی کی راہ ہموار کی ہے اور جو ثقافتی گوناگونیت کے ساتھ منسلک ہے۔دوسری جانب گجرات نے آج اپنا 65واں یوم تاسیس منایا۔ گجرات کے گورنر آچاریہ دیورَت اور وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے اپنے یوم تاسیس کے موقع پر ریاست کے باشندوں کو مبارکباد دی۔

اپنے پیغام میں گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے اُن تمام افراد کو سلام کیا جنھوں نے گجرات کے قیام اور شاندار ترقی میں تعاون کیا ہے۔x

## IMD Heat Wave

شدید گرمی کی صورتحال، کل تک مغربی بنگال، جھارکھنڈ، اوڈیشہ اور بہار میں جاری رہے گی۔ بھارتی موسمیات محکمے IMD نے کہا ہے کہ اِسی طرح کی صورتحال جمعے تک جنوب جزیرہ نما بھارت میں بھی جاری رہے گی۔

اگلے پانچ دنوں تک مہاراشٹر، رائل سیما، گجرات، تمل ناڈو اور آندھرا پردیش جبکہ اتوار تک وسطی بھارت میں شدید گرمی جاری رہنے کی توقع ہے۔ IMD نے مزید کہا ہے کہ اگلے پانچ دنوں میں ساحلی کرناٹک اور کیرالہ میں گرمی اور نمی کی کیفیت برقرار رہنے کا امکان ہے۔ x

## NIA Arrest

قومی تحقیقاتی ایجنسی نے، اٹاری منشیات ضبطگی کے معاملے میں آج ایک اور گرفتاری کی۔ اس کے ساتھ ہی گرفتاریوں کی مجموعی تعداد آٹھ ہوگئی ہے۔ NIA کی ٹیم نے ایک عمارت پر چھاپہ مار کر اس ملزم کو دلّی کے دریاگنج علاقے سے گرفتار کیا اور قابل اعتراض دستاویزات ضبط کیں۔ انسداد دہشت گردی کی ایجنسی نے کہا کہ وہ منشیات کے

گروہ کی سازش کو پوری طرح بے نقاب کرنے کیلئے دستاویزات کی جانچ کر رہی ہے۔تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ ملزم حوالہ آپریٹروں کے ایک نیٹ ورک کو تیار کرنے میں ملوث تھا جو منشیات کی کمائی کو بیرون ملک منتقل کرنے کا کام کرتا تھا۔ اس معاملے میں سن 2022 میں بھارتی کسٹمز کے ذریعے 700 کروڑ روپئے مالیت کی 102 کلو سے زیادہ ہیروئن برآمد کی گئی تھی۔x

## Jammu Srinagar Highway Reopen

جموں وکشمیر میں، جموں-سرینگر قومی شاہراہ، NH-44 کو ہلکی موٹرگاڑیوں، LNGs کیلئے آج دوبارہ کھول دیا گیا۔ رام بن ضلع میں شدید بارش کے باعث کثیر پیمانے پر مٹی کے تودے کھسکنے کے بعد یہ شاہراہ گذشتہ دو روز سے بند تھی۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ فی الحال شاہراہ پر بھاری موٹرگاڑیاں چلنے کی اجازت نہیں ہے کیونکہ سڑک صاف کرنے اور راستہ ہموار کرنے کی کارروائی اب بھی جاری ہے۔x

## Padma Award Nomination

پدم ایوارڈز 2025 کیلئے آن لائن نامزدگیاں اور سفارشات کا آج آغاز ہوگیا۔ پدم ایوارڈز کیلئے نامزدگیوں کی آخری تاریخ 15 ستمبر 2024 ہے۔

پدم ایوارڈز کیلئے نامزدگیاں / سفارشات راشٹریہ پرسکار پورٹل https://awards.gov.in پر آن لائن وصول کی جائیں گی۔ پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری نامی پدم ایوارڈز، ملک میں اعلیٰ ترین شہری ایوارڈز ہیں۔ 1954 میں قائم کردہ اِن ایوارڈز کا اعلان ہر سال یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جاتا ہے۔x

## Child Edu Allowance Hike

مرکز نے اپنے ملازمین کے بچوں کے تعلیمی بھتہ اور ہاسٹل سبسڈی میں اضافہ کیا ہے۔ یہ تبدیلی اِس سال جنوری میں مہنگائی بھتہ 50 فیصد تک پہنچنے کے بعد کی گئی ہے۔ عملے، عوامی شکایات اور تربیت کی وزارت کا یہ تازہ حکم نامہ 2018 کے ایک ہدایت نامہ کے بعد آیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ بھتہ اور سبسڈی میں اُن ملازمین کیلئے 25 فیصد کا اضافہ کیا جائے گا، جن کا مہنگائی بھتہ نظرثانی شدہ ادائیگی ڈھانچے میں 50 فیصد سے زیادہ ہو گیا ہے۔حکم نامے کے مطابق بچوں کے تعلیمی بھتے کی ادائیگی ماہانہ 2 ہزار 812 روپے پچاس پیسے طے کی گئی ہے اور ہاسٹل سبسڈی فی مہینے 8 ہزار 437 روپے پچاس پیسے فی مہینے ہوگی، چاہے ملازمین نے اُس پر کتنے ہی خرچ کیوں نہ کیے ہوں۔ x

## GST Revenue Collection

پچھلے مہینے سامان اور خدمات ٹیکس GST کی مد میں دو لاکھ دس ہزار کروڑ روپے وصول کیے گئے، جو اب تک کی سب سے زیادہ رقم ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق اِس سے پچھلے سال کے مقابلے 12 اعشاریہ چار فیصد کے

نمایاں اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔ اندرون ملک لین دین اور درآمدات میں زبردست اضافے کے تناظر میں ایسا ہوا ہے۔ اِس سال اپریل میں مجموعی وصولیابی میں سے مرکزی جی ایس ٹی 43 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رہا، ریاستی جی ایس ٹی 53 ہزار کروڑ روپے اور مربوط جی ایس ٹی 99 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ شامل ہے۔ اِس کے علاوہ ذیلی محصول 13 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رہا ہے۔

وزارت نے کہا ہے کہ ری-فنڈ کے حساب کتاب کے بعد اِس سال اپریل میں Net GST ایک لاکھ 92 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ رہا جس سے گذشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے 17 فیصد سے زیادہ کے اضافے کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## China Highway Collapes

جنوبی چین کے Guangdong صوبے میں شدید بارش کی وجہ سے ہائی وے کا ایک حصہ ڈھے جانے سے آج کم از کم 24 لوگوں کی موت ہوگئی۔ سرکاری میڈیا نے یہ خبر دی ہے۔ حالیہ ہفتوں میں گنجان آبادی والے صنعتی صوبے Guangdong میں شدید ترین بارش ہو رہی ہے جس سے کچھ علاقوں میں سیلاب اور تودے گرنے کے حادثات رونما ہوئے ہیں۔

اِس مرتبہ بارش کا تناسب، سال کے اس موقع پر ہونے والی اوسط بارش سے کہیں زیادہ ہے اور اِسے موسمیاتی تبدیلی کا اثر سمجھا جارہا ہے۔ حال ہی میں Guangdong میں شدید سیلاب کی وجہ سے 11 ہزار لوگوں کونقل مکانی پر مجبور ہونا پڑا۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں چنئی سُپر کنگس نے پنجاب کنگس کے سامنے جیت کیلئے 163 رنوں کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ چنئی کے MA چدمبرم اسٹیڈیم میں کھیلا جا رہا ہے۔ اِس سے پہلے پنجاب کنگس کے کپتان Sam Curran نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆